**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**31جولائی2026ء**

# پریس ریلیز

## امریکہ کے اپنے اتحادیوں کے ساتھ ایران پر مسلسل حملوں نے دنیا کو عالمگیر جنگ کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے۔

## اِن مشکل حالات میں پاکستان کے لیے راہِ نجات اللہ کی ماننے اور عوام کی ناراضگیاں دور کرنے میں مضمر ہے۔

## اُمّتِ مُسلمہ مل کر قرآن اور اُسوۂ رسول ﷺ سے جُڑے گی تو طاغوتی قوتوں کا مقابلہ کر سکے گی۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** امریکہ کے اپنے اتحادیوں کے ساتھ ایران پر مسلسل حملوں نے دنیا کو عالمگیر جنگ کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے۔اِن مشکل حالات میں پاکستان کے لیے راہِ نجات اللہ کی ماننے اور عوام کی ناراضگیاں دور کرنے میں مضمر ہے۔اُمّتِ مُسلمہ مل کر قرآن اور اُسوۂ رسول ﷺ سے جُڑے گی تو طاغوتی قوتوں کا مقابلہ کر سکے گی۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔اُنہوں نے کہا کہ امریکہ اور اُس کے اتحادیوں کی ایران کے خلاف بڑھتی ہوئی جارحیت اور ایران و حوثیوں کے عرب ممالک پر حملوں نے پورے خطے کو آگ کی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلم ممالک کی آپس کی خانہ جنگی سے فائدہ صرف اسرائیل کو ہو رہا ہے اور ناجائز صہیونی ریاست ”گریٹر اسرائیل“ کے ابلیسی و دجالی منصوبے کو تیزی سے آگے بڑھا رہی ہے۔غزہ میں مسلمانوں کی نسل کُشی جاری ہے۔صہیونی آبادکار، اسرائیلی وزراء کے ہمراہ آئے روز مسجدِ اقصیٰ پر دھاوا بول دیتے ہیں اور اب کُھلے عام مسجدِ اقصیٰ کو (معاذاللہ!) شہید کر کے اُس کی جگہ تھرڈ ٹیمپل بنانے کے دعوے کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ پھر یہ کہ اسرائیل بھارت کے ساتھ مل پاکستان کی نظریاتی اساس اور ایٹمی قوت کو زیر کرنے پر بھی تُلا ہوا ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ حکومتِ پاکستان کو اب خوابِ غفلت سے بیدار ہونا ہوگا۔ عوام پر جاری ظلم و جبر کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں جاری اندھادھند آپریشن سے عوام میں بے چینی، اضطراب اور حکومت و ریاست مخالف جذبات پنپ رہے ہیں۔ آزاد کشمیر میں نام نہاد الیکشن کی عوامی قبولیت نہ ہونے کے برابر ہے اور اگرچہ غلطیاں جوائنٹ ایکشن کمیٹی سے بھی ہوئی ہیں اور آزاد کشمیر کے کئی شہروں میں خون بہا ہے لیکن ریاست کو صبر و تحمل اور شفقت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ صرف شر پسند عناصر، جن میں کچھ بھارتی سرپرستی میں امن وامان کو بگاڑ رہیں، کو ٹارگٹ کر کے عوام کی حقیقی ترجمان قیادت سے تمام معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کرنے کے لیے مذاکرات کرنا ہوں گے۔ ان حالات میں اگر دوراندیشی کا مظاہرہ نہ کیا گیا تو کسی بڑے نقصان کا خدشہ ہے۔امیر تنظیم نے کہا کہ پاکستان کی بنیاد نظریہ و کلمۂ اسلام یعنی ’لا الٰہ الا اللہ‘ پر رکھی گئی تھی۔اِس نظریہ کو عملی تعبیر دی جائے گی اور ملک میں اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کو صحیح معنوں میں قائم و نافذ کیا جائے گا تو ہی قوم متحد ہو گی۔ پاکستان میں شریعتِ محمدی ﷺ نافذ کریں گے تو اللہ کی مدد بھی شاملِ حال ہو گی اور دنیا اور آخرت دونوں کی کامیابی نصیب ہو گی۔ان شاءاللہ!

جاری کردہ

**رضاءالحق**

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: July 31st, 2026**

## The United States' continued attacks on Iran, along with its allies, have brought the world to the brink of a global war.

## In these critical circumstances, Pakistan's path to salvation lies in obeying Allah and addressing the grievances of its people.

## Only by reconnecting with the Holy Qur'an and the blessed example of the Holy Prophet (S.A.W.W.) can the Muslim Ummah confront the Taghuti forces.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the continued attacks on Iran by the United States and its allies have brought the world to the brink of a global war. In these critical circumstances, Pakistan's path to salvation lies in obeying Allah and addressing the grievances of its people. He further stated that only by collectively reconnecting with the Holy Qur'an and the blessed example (Uswah) of the Holy Prophet (*S.A.W.W.*) can the Muslim Ummah successfully confront the Taghuti forces. He said that the escalating aggression by the United States and its allies against Iran, coupled with Iran's and the Houthis' attacks on Arab countries, has engulfed the entire region in the flames of conflict. The reality is that the ongoing internal conflicts among Muslim countries are benefiting none but Israel and are rapidly advancing the satanic and Dajjali agenda of the Zionist Greater Israel project. The genocide of Muslims in Gaza continues unabated. Zionist settlers, accompanied by Israeli ministers, repeatedly storm Masjid al-Aqsa, and are now openly declaring their intention to demolish it (Allah forbid) and construct the so-called Third Temple in its place. Furthermore, Israel, in collaboration with India, is determined to undermine Pakistan's ideological foundation and its nuclear capability.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that the Government of Pakistan must now awaken from its state of heedlessness. The oppression and injustice being inflicted upon the people must be brought to an immediate end. The indiscriminate operations being carried out in Khyber Pakhtunkhwa and Balochistan are fostering unrest, anxiety, and anti-government and anti-state sentiments among the people. In Azad Kashmir, the so-called elections have received little public acceptance. Although mistakes were also made by the Joint Action Committee and blood has been shed in several cities of Azad Kashmir, the state must nevertheless demonstrate patience, restraint, and compassion. Only those elements actively disturbing law and order—including those allegedly operating with Indian backing—should be specifically targeted, while all other issues should be resolved through dialogue and mutual understanding with the genuine representatives of the people. If these circumstances are not addressed with wisdom and foresight, there is a serious risk of far greater harm. The Ameer of Tanzeem-e-Islami further stated that Pakistan was founded upon the ideology and declaration of Islam – La ilaha illallah. Only when this ideology is translated into practical reality through the establishment and implementation of the Islamic system of social justice will the nation become truly united. By establishing Shari'ah of Muhammad (*S.A.W.W.*) in Pakistan, Allah's help will accompany us, and success in both this world and the Hereafter will, In-sha'Allah, be attained.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**